**21.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

.................................................................

☆ حکومت نے 2030-31 تک اٹل پنشن یوجنا کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اُس نے چھوٹی صنعتوں کے بھارتی ترقیاتی بینک کو 5 ہزار کروڑ روپے کی مالی مدد کی بھی منظوری دی ہے۔

☆ بھارت نے زور دے کر کہا ہے کہ وہ عالمی آرٹیفیشیل خدمات کیلئے بنیاد قائم کر رہا ہے۔ الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے عالمی اقتصادی فورم کو بتایا کہ ملک، AI کے بنیادی ڈھانچے کی سبھی پانچ سطحوں پر کام کر رہا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے خبردار کیا ہے کہ اراولی میں غیر قانونی کانکنی سے ناقابل تلافی نقصان ہوسکتا ہے۔ عدالتِ عالیہ کانکنی اور اُس سے متعلق معاملات کے جائزے کیلئے ماہرین کا ایک پینل تشکیل دے گی۔

☆ حکومت نے کفایتی، پائیدار اور مستقبل کیلئے تیار بجلی کے شعبے کی خاطر نقشِ راہ فراہم کرنے کیلئے نئی قومی بجلی پالیسی کا مسودہ جاری کیا ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گرین لینڈ کو حاصل کرنے کے سلسلے میں بات چیت کی مانگ کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کے علاوہ کوئی بھی ملک گرین لینڈ کو تحفظ فراہم کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں ناگپور میں بھارت نے پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں نیوزی لینڈ کی جیت کیلئے 239 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

.................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. Cabinet SIDBI**

حکومت نے 2030-31 تک اٹل پنشن یوجنا کو جاری رکھنے کی منظوری دی ہے۔ اُس نے اِس کے فروغ

اور ترقیاتی سرگرمیوں کیلئے مالی مدد میں توسیع کو منظوری دی ہے۔ آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر صدارت ایک کابینہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ مئی 2015 میں اِس اسکیم کا آغاز کیا گیا تھا، جس کا مقصد غیر منظّم شعبے کے ورکروں کو ضعیف العمری میں آمدنی فراہم کرنا تھا۔ اِس اسکیم کے تحت تعاون کے حساب سے 60 سال کی عمر کا ہونے کے بعد ایک ہزار روپے سے پانچ ہزار روپے تک کی کم از کم پنشن کی گارنٹی دی جاتی ہے۔

حکومت نے چھوٹی صنعتوں کے بھارتی ترقیاتی بینک کو SIDBI کو پانچ ہزار کروڑ روپے کی مالی مدد کی بھی منظوری دی ہے۔

یہ فیصلہ آج وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ کابینہ کی میٹنگ میں کیا گیا۔ اس اقدام سے 25 لاکھ 74 ہزار سے زیادہ نئے MSME کو فائدہ ہونے کی توقع ہے۔ x

**Ashwini AI Davos**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت، آرٹیفیشیل انٹیلیجنس کے بنیادی ڈھانچے، اُس کے استعمال، ماڈل، چپس، انفرا اور توانائی کی سبھی پانچ سطحوں پر کام کر رہا ہے۔ آج Davos میں عالمی اقتصادی فورم کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت، عالمی AI خدمات کیلئے بنیاد قائم کر رہا ہے۔ وزیر موصوف نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے سربراہ کی بھارت کو ایک second-tier AI power قرار دینے کی رائے زنی کو سختی سے مسترد کر دیا۔ Standford کی درجہ بندی کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت، AI کی تیاری کے معاملے میں عالمی سطح پر تیسرے مقام پر ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ AI کے بنیادی ڈھانچے میں 70 ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی تصدیق ہوچکی ہے۔

انہوں نے کہا کہ آئندہ بارہ مہینوں میں مزید 50 ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کا امکان ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ آئندہ ماہ ہونے والی India AI Impact Summit کے ذریعے ملک، اِس بات کو یقینی بنائے گا کہ اِس ٹیکنالوجی تک نہ صرف بھارت بلکہ عالمی خطۂ جنوب کو بھی رسائی حاصل ہو۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت میں اب تقریباً دو لاکھ اسٹارٹ اپس ہیں اور ملک، عالمی سطح پر تین سرکردہ اسٹارٹ اپ ایکو نظام میں شامل ہے۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت، عالمی سطح پر سرکردہ چار یا پانچ سیمی کنڈکٹر ممالک میں شمار کیا جائے گا۔ x

**SC Aravali**

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ وہ اراولی پہاڑی سلسلے میں کانکنی اور اِس سے وابستہ معاملوں کا مکمل اور جامع طور پر جائزہ لینے کیلئے ماہرین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے گی۔ سپریم کورٹ نے اِس بات کو نوٹ کیا کہ اراولی پہاڑی سلسلے میں غیرقانونی کانکنی کے ناقابلِ تلافی نقصان ہوسکتے ہیں۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوئے مالیا باگچی اور جسٹس وِپُل ایم پنچولی پر مشتمل بینچ نے ایڈیشنل سالیسیٹر جنرل ایشوریہ بھاٹی اور Amicus Curiae، کے۔پرمیشور کو ہدایت دی کہ وہ کانکنی کے شعبے کی مہارت رکھنے والے ماہرِ ماحولیات اور سائنسدانوں کے نام چار ہفتے کے اندر تجویز کریں تاکہ اِس معاملے کے پہلوؤں کا جائزہ لینے کیلئے ماہرین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جاسکے۔ بینچ نے مزید کہا کہ یہ کمیٹی، سپریم کورٹ کی زیرِ نگرانی اور اُس کی ہدایت کے مطابق کام کرے گی۔

عدالت نے 20 نومبر کے اپنے اُس حکم میں توسیع بھی کی، جس کے تحت اراولی پہاڑی سلسلے کے بارے میں

اُس کی یکساں تشریح پر عارضی روک لگانے کی بات کہی گئی تھی۔ سماعت کے دوران بینچ نے راجستھان حکومت کی جانب سے پیش ہوئے ایڈیشنل سالیسیٹر جنرل کے ایم نٹراج کی اُس یقین دہانی کو بھی ریکارڈ پر لیا، جس میں کہا گیا کہ اِس طرح کی کوئی غیرقانونی کانکنی نہیں ہوگی۔ x

**Amit Shah Uttarakhand**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گیتا پریس کی جانب سے شائع کردہ کلیان میگزین کو بھارت کے ثقافتی شعور کی ایک مضبوط بنیاد قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیتا پریس، منافع کیلئے نہیں بلکہ نسلوں کی نشو و نما کیلئے کام کرتی ہے۔ جناب شاہ، آج اتراکھنڈ کے رشی کیش میں گیتا پریس کی ماہانہ میگزین کے صد سالہ شمارے کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کلیان، محض ایک میگزین نہیں بلکہ بھارت کے روحانی بیداری کی ایک رہنما قوت ہے، جس نے مشکل وقتوں کے دوران بھارتی ثقافت کی بنیادی اقدار کا تحفظ کیا ہے۔

S/B: Amit Shah - Kalyan Patrika

مرکزی وزیر داخلہ، دو روزہ دورے پر اتراکھنڈ میں ہیں۔ وہ کل ہری دوار میں مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔x

**Republic Day Preps**

77ویں یومِ جمہوریہ کی آمد آمد ہے۔ نئی دلّی کے کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ تقریبات کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ اِس سال زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 10 ہزار افراد خصوصی مہمانوں کے طور پر پریڈ کا نظارہ کریں گے۔ پریڈ کے دوران ملک کی ثقافت، فوجی طاقت اور گوناگوں وراثت کے منفرد امتزاج کو پیش کیا جائے گا۔ پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - 2100 Bhanu Pratap Singh

یومِ جمہوریہ تقریبات 2026، قومی گیت وندے ماترم کے 150 برس، بھارت کی فوجی طاقت اور ثقافتی گوناگونیت کا منفرد امتزاج ہوں گی۔ اِس سال پریڈ کا موضوع ہے، ''وندے ماترم کے 150 سال''، جس پر دلکش جھانکیاں پیش کی جائیں گی۔ اس دوران صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو رسمی پریڈ کے دوران سلامی لیں گی، جن میں مسلح افواج، نیم فوجی دستوں، سول فورسز، NCC اور NSS کے دستے شامل ہوں گے۔ اِس کے علاوہ، بھارتی فوج، بھارتی بحریہ، بھارتی فضائیہ، بھارتی کوسٹ گارڈ اور CAPF وندے ماترم پر، یومِ جمہوریہ تک ملک بھر میں بینڈ پرفارمنسز پیش کررہے ہیں۔ اس سال یومِ جمہوریہ پریڈ میں مہمانانِ خصوصی کے طور پر یوروپی کونسل کے صدر انٹونیو کوسٹا اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von der Leyen موجود رہیں گے۔

مسلح افواج کے رافیل، SU-30، C-295، مِگ 29 اور اَپاچے سمیت 29 جنگی جہاز مختلف فارمیشنز بناکر کرتب دکھائیں گے۔ اِس سال کے یومِ جمہوریہ کی Full Dress ریہرسل 23 جنوری کو منعقد ہوگی۔

اس دوران ملک کے قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے موقع پر بھارتی فضائیہ کے بینڈ نے آج نئی دلّی کے سینٹر پارک میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ اِس دوران ناظرین کی بڑی تعداد جمع تھی، جنہوں نے حب الوطنی پر مبنی پرفارمنسز پر پُرجوش ردعمل ظاہر کیا۔x

**Power - Electricity Policy**

بجلی کی وزارت نے آج نئی ڈرافٹ قومی الیکٹرسٹی پالیسی 2026 جاری کی، جس کا مقصد بجلی کے شعبے کو وکست بھارت 2047 کے ویژن کے مطابق ڈھالنا ہے۔ بجلی کی وزارت نے کہا ہے کہ پالیسی میں سال 2030 تک بجلی کے فی کس استعمال کا 2 ہزار کلو واٹ گھنٹہ اور سال 2047 تک 4 ہزار کلو واٹ گھنٹہ ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ سال 25-2024 میں بجلی کا فی کس استعمال ایک ہزار 460 کلو واٹ گھنٹہ پہنچ گیا ہے۔ یہ سال 2030 تک اپنے اخراج کو 45 فیصد تک کم کرنے کے بھارت کے ماحولیاتی وعدوں کے مطابق ہے۔

بجلی کی وزارت نے مزید کہا کہ ڈرافٹ قومی الیکٹرسٹی پالیسی 2026، مستقبل کیلئے تیار معاشی طور پر قابلِ عمل اور ماحولیاتی اعتبار سے پائیدار بجلی کے شعبے کیلئے جامع Blueprint فراہم کرتی ہے تاکہ کفایتی نرخوں پر قابلِ بھروسہ اور معیاری بجلی فراہم کی جاسکے۔ حتمی شکل دیئے جانے کے بعد یہ پالیسی، 2005 میں نوٹیفائی کی گئی موجودہ قومی الیکٹرسٹی پالیسی کی جگہ لے گی۔ x

**PM Pragati Secial Story**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015 میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی سے متعلق وفاقیت کی مثال پیش کرتا ہے اور مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل رابطہ فراہم کرتا ہے۔

آج ہم اِس خصوصی سیریز کے تحت آندھرا پردیش میں ایمس Mangalagri پروجیکٹ کا جائزہ لیں گے۔ پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Suparna

ایمس Mangalagiri، نو سو ساٹھ بستر والا 183 اعشاریہ ایک-ایک ایکڑ میں پھیلا ایک اسپتال ہے، جو ایک ہزار 618 اعشاریہ دو-تین کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔ اِس میں ایک میڈیکل کالج بھی شامل ہے۔ اِس ادارے نے 2018 میں وجے واڑہ میں ایک عارضی کیمپس سے اپنا کام کاج شروع کیا۔ مارچ 2019 میں اپنے مستقل کیمپس سے اِس نے OPD خدمات کا آغاز کیا۔

پرگتی کے تحت 25 اپریل 2018 کو وزیر اعظم نے ایک اہم مرحلے پر اِس کا جائزہ لیا اور آندھرا پردیش حکومت اور متعلقہ مرکزی وزارتوں کو مقررہ وقت میں پوری کی جانے والی ہدایات جاری کی۔ 31 جنوری 2023 کو اِس پروجیکٹ کا آغاز کیا گیا اور 25 فروری 2024 کو وزیر اعظم نے باضابطہ طور پر اس کا افتتاح کیا۔

آج ایمس منگلا گری جدید طبی خدمات فراہم کر رہا ہے اور خطے کیلئے صحت کی دیکھ بھال کا ایک اہم مرکز بنا ہوا ہے۔ دلّی سے سُپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................

**HP Helicopter Services**

ہماچل پردیش حکومت نے پہاڑی ریاست میں فضائی کنکٹیویٹی میں اضافے کے بڑے قدم کے طور پر آج شملہ میں ہیلی کاپٹر خدمات کا افتتاح کیا۔ وزیرِ اعلیٰ سُکھوِندر سنگھ سُکھّو نے خدمات کا افتتاح کیا۔ اس کے تحت شملہ کے سَنجولی ہیلی پیڈ سے کُلّو ضلعے کے Bhuntar ہوائی اڈے اور کِنّور ضلعے کے Reckong Peo کیلئے روزانہ ہیلی کاپٹر خدمات دستیاب ہوں گی۔ اِس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ہیلی کاپٹر خدمات سے ہماچل پردیش میں سیاحت کو فروغ ملے گا اور لوگوں کے وقت کی بچت ہوگی۔ قابلِ ذکر ہے کہ یہ ہیلی کاپٹر خدمات اُڑان اسکیم کے تحت شروع کی گئی ہیں اور اِس ہیلی۔ٹیکسی خدمات کی فراہمی کے 80 فیصد اخراجات مرکزی حکومت اور 20 فیصد ریاستی حکومت ادا کرے گی۔

x

## Jaishankar Spanish FM

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ملکوں کیلئے مشترکہ چیلنجوں، خاص طور پر دہشت گردی سے لڑنے میں اشتراک پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہوگیا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے آج نئی دلّی میں اسپین کے اپنے ہم منصب Jose Manuel Albares Bueno کے ساتھ بات چیت کے دوران اپنے افتتاحی کلمات میں یہ بات کہی۔ جناب جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ عالمی آرڈر مکمل بدلاؤ کے دور سے گزر رہا ہے اور دنیا کو دہشت گردی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کا نقطۂ نظر اپنانا ہوگا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے مزید کہا کہ بھارت، اگلے مہینے نئی دلّی میں مصنوعی ذہانت کے AI Impact Summit 2026 کی میزبانی کرے گا۔

جناب جے شنکر نے واضح کیا کہ مصنوعی ذہانت کے تئیں بھارت کا نقطۂ نظر، انسان مرکوز، شمولیاتی، ذمہ دار اور اخلاقی اقدار پر مبنی ہے، جو یوروپ کے نقطۂ نظر سے قریبی مطابقت رکھتا ہے۔ وزیرِ خارجہ نے کہا کہ بھارت اور اسپین نے 2026 کو ثقافت، سیاحت اور مصنوعی ذہانت کا دوہرا سال قرار دیا ہے۔ جناب جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور اسپین دونوں اِس سال اپنے سفارتی تعلقات کے 70 سال مکمل کررہے ہیں اور اسپین، یوروپی یونین میں بھارت کے اہم تجارتی ساجھیداروں میں سے ایک ہے۔ حالیہ برسوں میں بھارت اور اسپین نے اشیاء کی دو طرفہ تجارت کے معاملے میں 8 ارب امریکی ڈالر کا ہندسہ عبور کیا ہے۔ x

## Trump WEF

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے آج کہا ہے کہ امریکہ نے گرین لینڈ کو حاصل کرنے کیلئے مذاکرات کی کوشش کی ہے کیونکہ امریکہ کے علاوہ، کوئی بھی ملک گرین لینڈ کو تحفظ دینے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ ٹرمپ نے سوئٹزرلینڈ کے Davos میں ورلڈ اکنامک فورم سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب ٹرمپ نے گرین لینڈ معاملے پر امریکہ اور یوروپ کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے درمیان یہ خطاب کیا ہے۔ گرین لینڈ اور ڈنمارک کے لوگوں کیلئے احترام کے جذبے کا اظہار کرتے ہوئے، ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ نے خوبصورت ڈنمارک کیلئے لڑائی لڑی، جو صرف ایک زمین نہیں بلکہ برف کا ایک بڑا ٹکڑا ہے۔ انہوں نے اِسے واپس لوٹانے کے قدم کو احمقانہ قرار دیا۔

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ نے بیرونی ملکوں پر ٹیکس میں اضافہ کردیا ہے تاکہ اُن ممالک کے ذریعے کئے گئے نقصان کی بھرپائی کی جاسکے۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکہ نے کچھ بہترین تجارتی سودے کئے ہیں۔

ٹرمپ، گرین لینڈ پر امریکہ اور یوروپ کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے دوران چھ سال میں پہلی مرتبہ ورلڈ اکنامک فورم میں شرکت کررہے ہیں۔ ٹرمپ کا عالمی رہنماؤں کے ساتھ کئی میٹنگوں کا پروگرام ہے۔ ٹرمپ، چوٹی کانفرنس کے تناظر میں، NATO کے سکریٹری جنرل Mark Rutte سے علیحدہ میٹنگ کریں گے۔x

## Israel Joins Board of Peace

اسرائیل کے وزیرِ اعظم بن یامن نیتن یاہو نے عالمی رہنماؤں پر مشتمل ''غزہ بورڈ آف Peace '' میں شامل ہونے سے متعلق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کا دعوت نامہ آج قبول کرلیا ہے۔ اسرائیلی وزیرِ اعظم کے دفتر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر یہ اعلان کیا۔ اِس سے پہلے جناب نیتن یاہو کے دفتر نے بورڈ کی مجلسِ عاملہ میں اسرائیل کے علاقائی حریف ترکیہ کی شمولیت پر نکتہ چینی کی تھی۔ ٹرمپ انتظامیہ نے اسرائیل۔ غزہ تنازعے کو ختم کرنے کیلئے حماس کے ساتھ جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کے حصے کے طور پر بورڈ آف Peace کا اعلان کیا ہے۔x

## Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان جاری پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں، بھارت نے نیوزی لینڈ کے سامنے جیت کیلئے 239 رَن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ ناگپور میں کھیلا جارہا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے، بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں، 7 وکٹ کے نقصان پر 238 رَن بنائے۔ بھارت کی جانب سے ابھشیک شرما نے 35 گیندوں میں شاندار 84 رَن بنائے۔ اِس سے پہلے نیوزی لینڈ نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ آخری خبریں ملنے تک نیوزی لینڈ نے 4 اوورز میں 2 وکٹ کے نقصان پر 33 رَن بنا لئے ہیں۔x

☆☆☆☆